# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 30 June-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: 30 جون ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** **** *****

## ::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ جنوبی افریقہ کے خلاف سنسنی خیز فتح حاصل کر کے بھارت بناٹی ٹوئنٹی عالمی کپ چمپئن۔

ویراٹ کوہلی اور روہیت شرما ٹی ٹوئنٹی کرکٹ سے سبکدوش۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی ''من کی بات'' پروگرام میں آج قوم سے خطاب۔

☆ بزرگ شہریوں کیلئے وزیر اعلیٰ تیرتھ شیتر یوجنا شروع کرنے کا ریاستی حکومت کا اعلان۔

اور۔۔ ☆ بجٹ میں معلنہ لاڑکی بہن یوجنا کا سرکاری فیصلہ جاری۔

***** **** *****

اب خبریں تفصیل سے:

ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ کے فائنل میں جنوبی افریقہ کو انتہائی سنسنی خیز مقابلے کے بعد 7 رنوں سے شکست دیکر بھارت نے عالمی چمپئن شپ جیت لی ہے۔ باربیڈوس میں کھیلے گئے میچ میں بھارت نے ٹاس جیت کر پہلے بلے بازی کرتے ہوئے مقررہ 20 اوور میں 7 وکٹ کے نقصان پر 176 رن بنائے۔ بھارت کی جانب سے ویراٹ کوہلی نے سب سے زیادہ 76 رن اور اکشر پٹیل نے 47 رن اسکور کئے۔ جواب میں آئی سی سی عالمی کپ کا اپنا پہلا فائنل کھیلنے والی جنوبی افریقہ کی ٹیم مقررہ اوور میں 8 وکٹ پر 169 رن ہی بنا سکی۔

آخری اوور تک سنسنی خیز رہنے والے اس مقابلے میں ہاردک پانڈیا کی گیند پر سوریہ کمار یادو نے باونڈری لائن پر ڈیوڈ ملر کا ناقابل یقین کیچ لیکر بھارت کی فتح یقینی بنادی تھی۔ بھارت کی جانب سے پانڈیا نے تین، جسپریت بومراہ اور ادرش دیپ سنگھ نے دو دو اور اکشر پٹیل نے ایک کھلاڑی کو آؤٹ کیا۔

ہندوستانی کرکٹ کنٹرول بورڈ کے سربراہ جئے شاہ کی موجودگی میں بھارت کو ٹرافی دی گئی۔ آئی سی سی ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ کی تاریخ میں ٹورنامنٹ میں غیر مفتوح رہنے والی بھارت پہلی ٹیم بن گئی ہے۔

ویراٹ کوہلی کو مین آف دی میچ اور بومراہ کو مین آف دی ٹورنامنٹ قرار دیا گیا۔

بھارت کی فتح کے بعد ٹیم کے کپتان روہیت شرما اور ویراٹ کوہلی نے ٹی ٹوئنٹی کرکٹ سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کر دیا ہے۔ اسی دوران ٹیم کی اس عظیم الشان کامیابی پر صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، نائب صدر جگدیپ دھنکڑ اور وزیر اعظم نریندر مودی نے ٹیم کو مبارکباد پیش کی ہے۔

***** **** *****

وزیراعظم نریندر مودی آج بروز اتوار آکاشوانی پر من کی بات پروگرام کے تحت ملک کی عوام سے مخاطب ہونگے۔ اس سلسلے کے تیسرے دور کا یہ پہلا پروگرام ہے۔ آکاشوانی اور دوردرشن کے تمام چینلز اب سے کچھ دیر بعد گیارہ بجے سے یہ پروگرام نشر کریں گے۔

***** ***** *****

ریاست میں بزرگ شہریوں کیلئے وزیراعلیٰ تیرتھ شیتر یوجنا شروع کرنے کا فیصلہ ریاستی حکومت نے کیا ہے۔ رکن اسمبلی پرتاپ سرنائیک کے کل ریاستی اسمبلی میں پیش کردہ توجہ دلاؤ نوٹس پر وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے نے یہ اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ اس ضمن میں بہت جلد قواعد وضوابط وضع کرکے خواہشمند افراد سے آن لائن درخواستیں طلب کی جائیں گی۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ ریاست میں محض ممبئی، تھانہ اور پونا نہیں بلکہ جن جن مقامات پر منشیات فروخت ہوئی ہیں وہاں کاروائی جاری ہے اور جب تک مہاراشٹر منشیات کی لعنت سے پاک نہیں ہوجاتا تب تک انسداد منشیات کی یہ کاروائی جاری رہیگی۔ گنیش اتسو کے پیش نظر ماحولیات کی بقاء کی غرض سے گنپتی کی مورتی کی تخلیق کیلئے میونسپل کارپوریشن کی جانب سے مورتی بنانے والوں کو ''شالو مٹی'' مفت فراہم کرنے کا اعلان بھی وزیراعلیٰ نے کیا۔ بجٹ میں معلنہ لاڑکی بہن اسکیم کا سرکاری مکتوب جاری کئے جانے کی اطلاع بھی وزیراعلیٰ نے دی۔ آئندہ روز یکم جولائی سے اس اسکیم کو نافذ کئے جانے کا اعلان وزیراعلیٰ نے کیا۔ دریں اثناء حالیہ بجٹ میں مختلف اہم فیصلوں کے ذریعے مختلف میدانوں میں خواتین کیلئے بہبودی اقدامات کرنے پر کل اسمبلی سیکریٹریٹ کے احاطے میں خواتین نے وزیراعلیٰ کا استقبال کیا اور انہیں راکھی باندھی۔

تاہم حزب اختلاف کی جانب سے اس سرکاری فیصلے کو ایوان نمائندگان کی مراعات شکنی قرار دیا گیا ہے۔ اسمبلی میں قائد حزب اختلاف وجئے وڈیٹی وار نے کہا ہے کہ طئے شدہ روایات کے مطابق بجٹ کو پہلے اسمبلی کی اور بعد میں گورنر کی جانب سے منظوری ملی ہے۔ جس کے بعد ہی بجٹ میں مختص فنڈ خرچ کرنے کو منظوری دی جاتی ہے۔ لیکن اس طریقہ کار کو پس پشت ڈال کر سرکاری فیصلہ جاری کرتے ہوئے حکومت نے خواتین کے ساتھ جعلسازی کی ہے۔

***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی اورنگ آباد سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

قانون ساز کونسل میں حزب اختلاف کے قائد امباداس دانوے نے الزام عائد کیا ہے کہ ریاست میں طلباء کو اسکول یونیفارم فراہم کرنے کی روایت حکومت کے انتشار اور بدانتظامی کی وجہ سے نقصان پہنچا ہے۔ کل قانون ساز کونسل میں اس خصوص میں نشاندہی کرتے ہوئے دانوے نے کہا کہ اسکول شروع ہوئے 15 / دن گذر جانے کے باوجود اب بھی تقریباً 45 لاکھ طلباء یونیفارم سے محروم ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ حکومت کی جانب سے مطلع کیا گیا ہے کہ 15 / اگست تک طلباء میں یونیفارم تقسیم کردیئے جائیں گے۔

***** ***** *****

نائب وزیراعلیٰ اجیت پوار نے کل اسمبلی میں یقین دہانی کروائی کہ خصوصی امدادی فنڈ ز ہر ماہ کی 5 / تاریخ تک مستحقین کے کھاتوں میں جمع کرنے کی ہدایت کی جائیگی۔ انہوں نے یہ بھی وعدہ کیا کہ اس بات کو یقینی بنایا جائیگا کہ قومی اور بین الاقوامی سطح پر اہلیت رکھنے والے کھلاڑیوں، سرکاری نوکریوں سے محروم ہیں اور اس کے لئے موجودہ طئے شدہ معیار میں تبدیلیاں کی جائیگی

اسی دوران پیپر افشاء ہونے کے معاملے میں طلباء کے نقصان کو ٹالنے کیلئے حکومت پابند ہے۔اس سلسلے میں حزب اختلاف کی جانب سے دی گئی تجاویز پر غور کرنے کا تیقن بھی اجیت پوار نے دی۔

***** ***** *****

وزیر اعظم فصل بیمہ اسکیم میں شامل ہونے کیلئے ریاست میں چند مقامات پر مرکز چلانے والوں کی جانب سے کسانوں سے ایک روپئے سے زیادہ رقم غیر قانونی طور پر وصول کئے جانے کی شکایات موصول ہوئی ہیں۔وزیر زراعت دھننجے منڈے نے کہا ہے کہ اس ضمن میں ثبوت کے ساتھ ان افراد کے خلاف شکایات آنے پر ان کے خلاف کاروائی کی جائیگی۔اس سلسلے میں زرعی ہیلپ لائن پر موجود واٹس ایپ نمبر 9822446655 پر راست شکایات کی جاسکتی ہے۔

***** ***** *****

قانون ساز کونسل کے چیئرمن کے عہدے کیلئے انتخابات کے سلسلے میں اسمبلی سیکریٹری کی جانب سے کی گئی کاروائی کی تفصیل ڈپٹی چیئرمن ڈاکٹر نیلم گورے نے کل ایوان میں پیش کی۔8 جولائی سے یہ عہدہ خالی ہے۔اس سلسلے میں آئندہ پیر کو کل جماعتی ارکان کا ایک اجلاس طلب کیا جائیگا۔یہ اطلاع پارلیمانی امور کے وزیر چندر کانت پاٹل نے دی۔

***** ***** *****

امرناتھ یاترا کے لئے جموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے 4 ہزار 29 زائرین کا دوسرا جتھہ کل روانہ ہوا۔جموں بیس کیمپ سے اب تک 8 ہزار 632 یاتری امرناتھ یاترا کے لئے روانہ ہو چکے ہیں۔

***** ***** *****

سنت نیانیشور ماؤلی کی پالکی آڑندی سے پنڈھر پور کے لئے روانہ ہو چکی ہے۔اس کے لئے ریاست بھر سے بڑے پیمانے پر عقیدتمند الکا پوری میں جمع ہو رہے ہیں۔

***** ***** *****

بیڑ ضلع کے پرلی تعلقے میں بھرڑواڑی کے سرپنچ باپو آندھرے پر کل شب نامعلوم افراد نے فائرنگ کردی۔فائرنگ میں آندھرے چل بسے۔ابھی تک بات کا علم نہیں ہوسکا کہ فائرنگ کس بات کا شاخسانہ ہے اور کس نے فائرنگ کی ہے۔

***** ***** *****

بیڑ ضلع کے شیرور شہر میں کل بند منایا گیا۔شیوسینا ضلع صدر کنڈلک کھانڈے نے تنازعہ ویڈیو وائرل ہونے کے بعد او بی سی سماج کی جانب سے اس بند کا اعلان کیا گیا تھا۔دریں اثناء پارٹی مخالف سرگرمیوں کی پاداش میں کنڈلک کو بیڑ ضلع پرمکھ کے عہدے اور پارٹی سے خارج کر دیا گیا ہے۔

***** ***** *****

## :::::: سرخیاں ::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ جنوبی افریقہ کے خلاف سنسنی خیز فتح حاصل کر کے بھارت بنا ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ چمپئن۔

وِراٹ کوہلی اور روہیت شرما ٹی ٹوئنٹی کرکٹ سے سبکدوش۔

☆ وزیراعظم نریندر مودی ''من کی بات'' پروگرام میں آج قوم سے خطاب۔

☆ بزرگ شہریوں کیلئے وزیر اعلیٰ تیرتھ شیتر یوجنا شروع کرنے کا ریاستی حکومت کا اعلان۔

اور۔۔ ☆ بجٹ میں معلنہ لاڑکی بہن یوجنا کا سرکاری فیصلہ جاری۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****